57th Year

بانی صوفی غلام محمد

# سرینگر ٹائمز

www.srinagartimes.net | قیمت 5 روپے | DAILY SRINAGAR TIMES | R.N.I: 17647/69 • Vol: 57 • No. 304 | 08 :صفحات | ۸نومبر ۲۰۲۵ بروز سنیچروار بمطابق ۱۶ جمادی الاول ۱۴۴۷ | Saturday 08th November 2025 | جلد نمبر 57




## میسی ارجنٹینا کی قیادت کریں گے

لیونل میسی لوانڈا میں انگولا کے خلاف ہونے والے دوستانہ میچ میں ارجنٹینا ٹیم کی قیادت کریں گے۔ منیجر لیونل اسکالونی نے جتیم کا اعلان کیا، جس میں تین نئے کھلاڑی شامل کیے گئے ہیں۔ پریستیانی، پینیکیلی اور کوموکے مڈفیلڈر میکسیمو پیروں جنوبی امریکی چیمپئن کے لیے منتخب ہونے والے نئے کھلاڑیوں میں شامل ہیں۔(تفصیلات اندر)



## میٹ ہنری کی ٹیم میں واپسی

ویسٹ انڈیز کے خلاف تین ایک روزہ میچوں کی سیریز کے لیے میٹ ہنری نیوزی لینڈ ٹیم میں واپس آگئے ہیں۔ ہنری گزشتہ ہفتے پنڈلی میں کھنچاؤ کے باعث انگلینڈ کے خلاف آخری دو ون ڈے میچ نہیں کھیل پائے تھے اور اس وقت وہ ون ڈے اور اس کے بعد ہونے والی تین ٹیسٹ میچوں کی سیریز کی تیاری کے لیے بحالی (ری ہیب) پروگرام سے گزر رہے ہیں۔(تفصیلات اندر)

## گاندربل میں ’’سم فروشوں‘‘ کے مراکز اور شوروموں پر چھاپے

### بعض دکانداروں کو غیر مکمل یا مشتبہ ریکارڈ رکھنے پر سخت قانونی کارروائی کی تنبیہ

سرینگر/ یو این آئی/ جموں و کشمیر پولیس نے ضلع گاندربل میں سم کارڈ کے غلط استعمال اور جعلی دستاویزات کے ذریعے جاری ہونے والے نمبروں پر قابو پانے کے مقصد سے سم فروش مراکز پر اچانک چھاپے مارے۔ یہ کارروائی سپرنٹنڈنٹ آف پولیس گاندربل خلیل احمد پسوال کی ہدایت پر عمل میں لائی گئی۔ پولیس ترجمان کے مطابق، یہ اچانک معائنہ اس بات کو یقینی بنانے کے لیے کیا گیا کہ تمام سم فروش دکانیں ویریفکیشن کے ضوابط پر سختی سے عمل پیرا ہوں اور کسی بھی صورت میں جعلی یا غیر مصدقہ شناخت کے تحت سم کارڈ جاری نہ ہوں، جنہیں بعد میں غیر قانونی سرگرمیوں کے لیے استعمال کیا جا سکتا ہے۔ کارروائی کے دوران پولیس ٹیموں نے ضلع کے مختلف تھانوں کی حدود، بشمول تھانہ گاندربل، کھیر بھوانی، صفاپورہ، لار، گنڈ اور پوسٹ شادھی پورہ میں واقع سم فروش مراکز کا باریک بینی سے معائنہ کیا۔ پولیس اہلکاروں نے/1





## وندے ماترم محض الفاظ کا مجموعہ نہیں، ہندوستان کی روح کی آواز ہے

### لوگوں کے دلوں میں قوم پرستی کے ابدی شعلے کو بھڑکا رہا ہے/ امیت شاہ



سرینگر/ انگریزی حکومت کے خلاف ’’وندے ماترم‘‘ نے قوم کو متحد کیا اور آزادی کے شعور کو مضبوط کیا کی بات کرتے ہوئے وزیر داخلہ امیت شاہ نے کہا کہ اس نے انقلابیوں میں مادر وطن کے لیے غیر متزلزل لگن، فخر اور قربانی کا جذبہ بیدار کیا۔ سی این آئی کے مطابق وزیر داخلہ امیت شاہ نے کہا کہ ’’وندے ماترم‘‘ ملک کے لوگوں کے دلوں میں قوم پرستی کی لازوال شعلہ جلا رہا ہے اور آج بھی نوجوانوں میں اتحاد، حب الوطنی اور نئی توانائی کا ذریعہ ہے۔ ایکس پر ایک پوسٹ میں امیت شاہ نے لکھا ’’ 7 نومبر 2025 سے 7 نومبر 2026 تک ہندوستان کے قومی گیت ’’وندے ماترم‘‘ کی تخلیق کی 150 ویں سالگرہ کی سال بھر کی یادگار کے موقع/2

## ڈیوٹی کے دوران پولیس اہلکار کی موت

### دل کا دورہ پڑنے کا شبہہ

سرینگر/ سی این آئی/ کولگام کے آمنو علاقے میں ایک پولیس اہلکار دل کا دورہ پڑنے سے فوت ہوگیا۔ نمائندے نے عین شاہدین کا حوالہ دیتے ہوئے بتایا کہ پولیس اہلکار علاقے میں اقلیتی پوسٹ میں ڈیوٹی کے دوران بے ہوش ہو کر گر پڑا جس کے بعد اگرچہ اس کو اسپتال پہنچانے کی کوشش کی گئی تاہم ڈاکٹروں نے اسے وہاں مردہ قرار دیا۔ انہوں نے کہا کہ پولیس اہلکار کی شناخت بلبیر سنگھ ساکنہ سانبہ جموں کے بطور ہوئی ہے۔

## ہمارا عزم مادر وطن کو وکست بھارت کی منزل تک لے جائے گا/ LG

### وندے ماترم کے 150 ویں سال کی تقریب میں بنکم چندر چٹوپادھیائے کو خراجِ عقیدت پیش

سرینگر/ لیفٹیننٹ گورنر منوج سِنہا نے محکمہ ثقافت کی جانب سے منعقدہ ’وندے ماترم‘ کے 150 ویں سال کی تقریب میں شرکت کی۔ اُنہوں نے بنکم چندر چٹوپادھیائے کو خراجِ عقیدت پیش کیا اور قومی گیت ’وندے ماترم‘ پر مشتمل نمائش کا معائینہ کیا۔ اُنہوں نے کہا کہ رِشی بنکم چندر نے ماں بھارتی اور اس کے بیٹوں کے درمیان رِشتے کو مضبوط کیا اور لوگوں کو آزادی حاصل کرنے کے لئے تحریک دِی۔ لیفٹیننٹ گورنر نے کہا،’’ مادرِ وطن کے تئیں ہمارا عزم اور لگن ہمارے ملک کو وِکست بھارت کی منزل تک لے جائے گا۔ نوجوانوں کو یہ یاد رکھنا چاہیے کہ وہ اس عظیم تہذیب کے وارث ہیں اور سماج کی ترقی و خوشحالی میں ان کی شراکت ماں بھارتی کے لئے بہترین خراجِ عقیدت ہوگی۔‘‘ سال 2025 ’وندے ماترم‘ کو 150 سال مکمل ہورہے ہیں۔ ہمارا قومی گیت ’وندے ماترم‘ جسے بنکم چندر چٹوپادھیائے نے اَکشے نومی کے موقعہ پر لکھا تھا جو 7 نومبر 1875ء کو تھا۔ ’وندے ماترم‘ سب سے پہلے ان کے ناول ’’آنند مٹھ‘‘ کے ایک حصے کے طور پر ادبی جریدے ’’بنگ درشن‘‘ میں شائع ہوا۔ یہ گیت، مادرِ وطن کو طاقت، خوشحالی اور الوہیت کی علامت قرار دیتے ہوئے ہندوستان کے اتحاد اور خودداری کے جذبے کو شاعرانہ اِظہار کرتا ہے۔ یہ گیت جلد ہی کے لئے عقیدت کی ایک دیرپا علامت بن گیا۔ تقریبات میں سماج کے مختلف طبقات کے شہریوں نے ’وندے ماترم‘ کو مختلف ورژن میں اِجتماعی طور پر گایا۔ اس موقعہ پر رُکن پارلیمان جگل کشور شرما، ممبر پارلیمنٹ راجیہ سبھا انجینئر غلام علی کھٹانہ، چیف سیکرٹری اَٹل ڈولو، پرنسپل سیکرٹری داخلہ چندر کر بھارتی، آئی جی پی جموں بھیم سین توتی، پرنسپل سیکرٹری کلچر برج موہن شرما، صوبائی کمشنر/5



## بھارت کے ساتھ تجارتی مذاکرات بہتر ہورہے ہیں/ ٹرمپ

### وائٹ ہاوس میں ایک پریس کانفرنس کے دوران امریکی صدر کا بیان



سرینگر/ اگلے سال بھارت کا دورہ کرنے کا اعلان کرتے ہوئے امریکی صدر ڈونلڈ ٹرمپ نے کہا کہ بھارت کے ساتھ تجارتی مذاکرات بہت بہتر ہورہے ہیں۔ سی این آئی مانیٹرنگ ڈیسک کے مطابق وائٹ ہاوس میں ایک پریس کانفرنس کے دوران امریکی صدر ڈونالڈ ٹرمپ نے کہا کہ وہ جلد ہی ہندوستان کا دورہ کرنے کا ارادہ رکھتے ہیں۔ انہوں نے وزیر اعظم نریندر مودی کو ایک عظیم شخص اور ان کے دوست کے طور پر سراہا۔ ایک سوال کا جواب دیتے/3

## نوجوان خاتون کی پُراسرار موت

### لاش کا پوسٹ مارٹم مقدمہ درج

سری نگر: ریاسی کے ٹھکرا کوٹ کے گھڑی کوٹ علاقے میں جمعہ کو ایک 26 سالہ خاتون اس کی رہائش گاہ کے قریب پراسرار حالات میں مردہ پائی گئی۔ ایک اہلکار نے بتایا کہ رومل سنگھ کی بیوی ریتا دیوی کے نام سے شناخت کی گئی۔ اطلاع ملنے پر ایس ایچ او اور ناس اپنی ٹیم اور ایف ایس ایل کے ماہرین کے ہمراہ موقع پر پہنچ گئے اور موت کی وجہ جاننے کے لیے تحقیقات کا آغاز کیا۔

## پاکستان کی غیر قانونی ایٹمی سرگرمیوں کی تاریخ ہے/ وزارت خارجہ

### بین الاقوامی برادری کی توجہ ان سرگرمیوں کی طرف مبذول کرائی ہے/ جیسوال



نئی دہلی/ یواین آئی/ امریکی صدر ڈونالڈ ٹرمپ کے اس انکشاف پر کہ پاکستان پھر سے خفیہ جوہری تجربات میں مصروف ہے، سخت ردعمل ظاہر کرتے ہوئے ہندوستان نے کہا ہے کہ خفیہ اور غیر قانونی جوہری سرگرمیاں پاکستان کی ایٹمی پھیلاؤ کی تاریخ کا حصہ ہیں۔ جمعہ کے روز یہاں ہفتہ وار بریفنگ میں پاکستان کے جوہری تجربات کے حوالے سے ایک سوال کے جواب میں وزارت خارجہ کے ترجمان رندھیر جیسوال نے کہا کہ خفیہ اور غیر قانونی جوہری سرگرمیاں پاکستان کی تاریخ کا حصہ ہیں، جس میں کئی دہائیوں سے اسمگلنگ، ایکسپورٹ کنٹرول کی خلاف ورزیاں، خفیہ شراکت داری، اے کیو خان نیٹ ورک اور/4

## پی ڈی پی ایک دھوکہ باز اور وعدہ شکن پارٹی ہے/ وزیر اعلیٰ عمر عبداللہ

### بڈگام کے انتخابی جلسہ عام سے خطاب، 200 یونٹ مفت بجلی دینے کا وعدہ پورا کرنے کا اعلان



سرینگر/ یو این آئی/ جموں و کشمیر کے وزیر اعلیٰ عمر عبداللہ نے جمعہ کو پیپلز ڈیموکریٹک پارٹی (پی ڈی پی) پر سخت حملہ کرتے ہوئے کہا کہ پی ڈی پی عوام کو دھوکہ دینے کے سوا کچھ نہیں کرتی۔ انہوں نے الزام لگایا کہ پی ڈی پی کے رہنماؤں نے بی جے پی کے ساتھ خفیہ سیاسی مفاہمت برقرار رکھی ہے، اور یہ دونوں جماعتیں اب بھی ایک دوسرے کے ساتھ اتحاد میں ہیں۔ بڈگام میں ایک عوامی جلسے سے خطاب کرتے ہوئے عمر عبداللہ نے کہا کہ پی ڈی پی نے عوام سے جھوٹے وعدے کیے، مگر اقتدار میں آنے کے بعد نہ صرف اپنے وعدوں سے مکر گئی بلکہ لوگوں کے بنیادی مسائل کو بھی نظر انداز کر دیا۔ انہوں نے کہا کہ بی جے پی کے ساتھ ان کا اتحاد آج بھی برقرار ہے، صرف نام بدل گیا ہے۔ جب اقتدار کی بات آتی ہے تو پی ڈی پی اصولوں کو بھول جاتی ہے۔ وزیر اعلیٰ نے بجلی کے بلوں اور میٹرنگ کے مسئلے پر بھی بات کی اور کہا کہ بجلی کا بل صرف ان جگہوں پر شمار ہونا چاہیے جہاں میٹر نصب ہیں۔ اگر کسی جگہ میٹر کی ضرورت نہیں، تو اسے/7

## وندے ماترم کو توڑنے والی تفرقہ انگیز سوچ اب بھی ملک کیلئے ایک چیلنج ہے/ مودی

### یادگاری سکہ اور ایک یادگاری ڈاک ٹکٹ جاری، وندے ماترم کیلئے وقف ایک پورٹل بھی لانچ کیا



نئی دہلی/ یواین آئی/ کانگریس کا نام لیے بغیر وزیر اعظم نریندر مودی نے جمعہ کو کہا کہ ایک تفرقہ انگیز ذہنیت نے 1937 میں ملک کی تعمیر کے مہامنتر وندے ماترم کے کچھ حصوں کو ہٹا کر توڑ دیا تھا اور وندے ماترم کی اس تقسیم نے ملک کی تقسیم کا بیج بھی بو دیا تھا۔ مسٹر مودی نے اہل وطن بالخصوص نوجوانوں کو آگاہ کرتے ہوئے کہا کہ یہ تفرقہ انگیز ذہنیت آج بھی ملک کے لیے ایک چیلنج بنی ہوئی ہے اور اس سے ہوشیار رہنے کی ضرورت ہے۔ مسٹر مودی نے قومی گیت وندے ماترم کے 150 سال مکمل ہونے کے موقع پر یہاں منعقدہ یادگاری تقریب سے خطاب کرتے ہوئے یہ بات کہی۔ اس موقع پر وزیر اعظم نے ایک یادگاری سکہ اور ایک یادگاری ڈاک ٹکٹ جاری کیا اور وندے ماترم کے لیے وقف ایک پورٹل بھی لانچ کیا۔ مرکزی حکومت نے وندے ماترم کے 150 سال مکمل ہونے کے موقع پر سال بھر کے پروگراموں کا اعلان کیا ہے۔ یہ پروگرام اگلے ایک سال کے دوران پانچ مرحلوں میں منعقد کیے جائیں گے۔ آزادی کے بعد سے ملک کی تعمیر/8

## GMC بارہمولہ کا ’’ایک صحت اقدام‘‘ کے تحت بیداری ریلی کا انعقاد

### تقریب کا مقصد ماحولیاتی صحت کے باہمی رابطہ کی تفہیم کو فروغ دینا تھا



بارہمولہ/ ون ہیلتھ انیشیٹو کے ایک حصے کے طور پر — انڈین ایسوسی ایشن آف پریونٹیو اینڈ سوشل میڈیسن (IAPSM) اور انڈین کونسل آف میڈیکل ریسرچ (ICMR) کی مشترکہ کوشش — کمیونٹی میڈیسن کے شعبہ، GMC بارہمولہ نے 7 نومبر 2025 کو صبح دس بجے کالج کیمپس کے اندر ایک متحرک آگاہی ریلی کا انعقاد کیا۔ تھیم "ایک دنیا، ایک صحت - انسانوں، جانوروں اور ماحولیاتی بہبود کے لیے متحدہ"، اس تقریب کا مقصد انسان، حیوان اور ماحولیاتی صحت کے باہمی ربط کی تفہیم کو فروغ دینا تھا۔/10

## بھنگ سے ملتی جلتی چیز کے ساتھ پلوامہ میں منشیات فروش گرفتار

### چرس نما مواد کے ساتھ گاڑی چلانے والا پکڑا گیا، گاڑی بھی ضبط

سرینگر/ یواین آئی/ جموں وکشمیر پولیس نے منشیات کے خلاف اپنی مہم کو جاری رکھتے ہوئے پلوامہ اور شوپیاں اضلاع میں دو منشیات فروشوں کو گرفتار کر کے ان کے قبضے سے بھاری مقدار میں نشہ آور مواد برآمد کیا ہے۔ پولیس کے ترجمان کے مطابق، پلوامہ میں کاکاپورہ پولیس اسٹیشن کی ایک ٹیم نے اوکھو کاکاپورہ کے مقام پر قائم ایک ناکے کے دوران ایک مشتبہ شخص کو روک کر تلاشی لی۔ اس شخص کی شناخت عبدالمجید وانی ولد غلام احمد وانی ساکن نیہامہ کے طور پر ہوئی۔ تلاشی کے دوران اس کے قبضے سے تقریباً 2.765 کلوگرام بھنگ نما مواد برآمد کیا گیا۔ ملزم کو گرفتار کر کے اس کے خلاف ایف آئی آر نمبر 71/2025 کے تحت کیس درج کر کے مزید تحقیقات شروع کی گئی ہے۔ اسی طرح، ضلع شوپیاں میں زینہ پورہ پولیس اسٹیشن کی ایک ٹیم نے ملدیرہ زینہ پورہ کے مقام پر قائم ایک چیک پوسٹ پر ایک گاڑی کو روکا، جسے عمر مقبول پرا ولد مقبول احمد پرا ساکن ہمونہ ناگبل زینہ پورہ چلا رہا تھا۔ تلاشی کے دوران پولیس نے گاڑی سے/11

## دہلی ایئرپورٹ پر 100 سے زیادہ پروازیں تاخیر کا شکار

### آٹومیٹک میسجنگ سوئچ سسٹم (اے ایم ایس ایس) میں تکنیکی خرابی

نئی دہلی/ یواین آئی/ دہلی کے اندرا گاندھی بین الاقوامی ہوائی اڈے پر تکنیکی خرابی کی وجہ سے جمعہ کی صبح 11 بجے تک 100 سے زیادہ پروازوں کی روانگی میں تاخیر ہوئی، جس سے مسافروں کو پریشانی کا سامنا کرنا پڑا۔ ایئرپورٹس اتھارٹی آف انڈیا (اے اے آئی) نے سوشل میڈیا پلیٹ فارم ایکس پر پوسٹ کیا کہ آٹومیٹک میسجنگ سوئچ سسٹم (اے ایم ایس ایس) میں تکنیکی خرابی کی وجہ سے پروازوں میں تاخیر ہو رہی ہے۔ یہ نظام ایئر ٹریفک کنٹرول ڈیٹا کو مدد فراہم کرتا ہے اور ہوائی ٹریفک کے خودکار کنٹرول میں اہم کردار ادا کرتا ہے۔ اے اے آئی نے کہا کہ فی الحال ہوائی ٹریفک کنٹرولرز مینویلی فلائٹ پلان کو پروسس کر رہے ہیں اور سسٹم کو درست کرنے کی کوشش کی جا رہی ہے۔ ہوائی اڈے پر صبح سے ہی یہ مسئلہ پیش آ رہا تھا۔ کئی بورڈنگ گیٹس پر مسافروں کو متعلقہ ایئر لائن کے عملے سے جھگڑتے اور ناراض ہوتے دیکھا گیا۔ ایئرپورٹ کی آپریٹر کمپنی دہلی انٹرنیشنل ایئرپورٹ لمیٹڈ (ڈی آئی اے ایل) نے ایک بیان میں کہا کہ مسافروں/9

## فرضی زمین کے معاوضے کی غیر قانونی ادائیگی کے الزام میں

### تحصیلدار، نائب تحصیلدار اور پٹواری سمیت 10 ملزموں کے خلاف چارج شیٹ داخل

سرینگر/ یواین آئی/ کرائم برانچ کشمیر نے ایک بڑے زمین اسکینڈل کا پردہ فاش کرتے ہوئے 10 افراد کے خلاف چارج شیٹ عدالت میں داخل کی ہے۔ یہ مقدمہ ضلع اننت ناگ میں فرضی زمین کے معاوضے کی غیر قانونی ادائیگی سے متعلق ہے، جس میں سرکاری افسران اور کئی دیگر افراد کی ملی بھگت سامنے آئی ہے۔ کرائم برانچ کے مطابق، ایف آئی آر نمبر 12/2015 کے تحت درج مقدمے میں دھوکہ دہی (سیکشن 420، 467، 468، 471، 120-بی آر پی سی) اور انسداد بدعنوانی ایکٹ کی دفعہ 5 کے تحت کارروائی کی گئی ہے۔ تحقیقات کے دوران انکشاف ہوا کہ ریونیو ڈیپارٹمنٹ کے کچھ عہدیداران - جن میں اُس وقت کے تحصیلدار، نائب تحصیلدار، گرداور اور پٹواری شامل ہیں - نے چند مقامی افراد کے ساتھ سازباز کر کے سرکاری ریکارڈ میں جعلسازی کی۔ ان افسران نے فرضی زمین مالکان کے نام سے جعلی اندراجات کروا کر سرکاری خزانے سے بھاری معاوضے حاصل کیے۔ کرائم برانچ کے بیان میں کہا گیا کہ تحقیقات کے دوران یہ ثابت ہوا کہ معاوضے کی رقم فرضی مستحقین کے نام پر جاری کی گئی، جب کہ ایسی زمین سرے سے موجود ہی نہیں تھی۔ اس کارروائی سے ریاستی خزانے کو بھاری مالی نقصان پہنچا اور عوامی اعتماد کو زک پہنچی۔ کرائم برانچ کے مطابق، تمام ثبوت اور شواہد اکٹھے کرنے کے بعد مقدمہ عدالت میں پیش کر دیا گیا ہے تاکہ قانون کے مطابق فیصلہ کیا جا سکے۔ کرائم برانچ کشمیر نے اپنے بیان میں کہا کہ وہ بدعنوانی کے خاتمے، شفافیت کے فروغ اور مالی جرائم میں ملوث افراد کو انصاف کے کٹہرے تک پہنچانے کے لیے پرعزم ہے۔

## کتوں کے کاٹنے کے واقعات میں تشویش ناک اضافہ پر عدالت عظمیٰ کی سخت ہدایات

### سرکاری اور نجی تعلیمی اداروں اور ہسپتالوں وغیرہ کے احاطے میں آوارہ کتوں کے داخلے کو روکا جائے

سرینگر/ سی این آئی/ تعلیمی مراکز اور اسپتالوں جیسے ادارہ جاتی علاقوں میں کتے کے کاٹنے کے واقعات میں خطرناک اضافہ کا نوٹس لیتے ہوئے عدالت عظمیٰ نے مرکزی حکومت کو ہدایت دی کہ ایسے کتوں کو مخصوص پناہ گاہوں میں منتقل کیا جانا چاہیے۔ سی این آئی کے مطابق عدالت عظمیٰ نے تعلیمی مراکز اور اسپتالوں جیسے ادارہ جاتی علاقوں میں کتے کے کاٹنے کے واقعات میں خطرناک اضافہ کا نوٹس لیا اور ہدایت دی کہ ایسے کینوں کو مخصوص پناہ گاہوں میں منتقل کیا جانا چاہیے۔ جسٹس وکرم ناتھ، سندیپ مہتا اور این وی انجاریا پر مشتمل تین ججوں کی خصوصی بنچ نے آوارہ کتوں کے معاملے میں متعدد ہدایات جاری کیں، جن میں حکام سے کہا گیا کہ وہ شاہراہوں اور ایکسپریس ویز سے کتوں اور دیگر آوارہ جانوروں کو ہٹانے کو یقینی بنائیں، اور ان کو نامزد پناہ گاہوں میں منتقل کریں۔ بنچ نے حکام کو ہدایت کی کہ کتوں کے کاٹنے کے واقعات کو روکنے کے لیے سرکاری اور نجی تعلیمی اداروں اور ہسپتالوں وغیرہ کے احاطے میں آوارہ کتوں کے داخلے کو روکا جائے۔ جس میں ہدایت کی گئی کہ ایسے اداروں سے اٹھائے گئے آوارہ کتوں کو واپس اسی جگہ نہیں چھوڑا جائے گا۔ بنچ نے نیشنل ہائی ویز اتھارٹی آف انڈیا سمیت حکام سے کہا کہ وہ شاہراہوں کے ان حصوں کی نشاندہی کرنے کیلئے مشترکہ مہم چلائیں جہاں آوارہ جانور کثرت سے پائے جاتے ہیں۔ اس نے معاملے کی مزید سماعت 13 جنوری کو مقرر کی۔ 3 نومبر کو عدالت عظمیٰ نے کہا کہ وہ ادارہ جاتی علاقوں میں کتوں کے کاٹنے کے ’’سنگین خطرہ‘‘ کے مسئلے سے نمٹنے کیلئے عبوری ہدایات جاری کرے گی جہاں ملازمین آوارہ کتوں کو کھانا کھلاتے ہیں/6

